سوئٹزرلینڈ کے قائم مقام سفیر کا نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی:۔۔۔5اپریل، 2012ء

سوئٹزرلینڈ کے قائم مقام سفیر (Mr.Nicolas Plattner) نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ المعروف نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور نسرین جلیل سے ملاقات کی ۔اس موقع پر سوئٹزر لینڈ کے ڈائریکٹر افیئر ز اور قونصل جنرل (Mr.Didier Bosschung) بھی انکے ہمراہ تھے۔ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس موجود تھے۔ملاقات میں ملک کی سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر سوئٹزرلینڈ کے سفیر نے ایم کیوایم کی جانب سے ملک میں دہشت گردی کے خاتمے اور قیام امن کے سلسلے میں کی جانیوالی کوششوں کا سرہاتے ہوئے اسے خوش آئند قرار دیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے سوئٹزرلینڈ کے سفیر سے گفتگو کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دوستانہ تعلقات کو فروغ دینے پر زور دیا۔قبل ازیں جب سوئٹزرلینڈ کے سفیر نائن زیرو پہنچے تو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے انہیں خوش آمدید کہا۔بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار اور نسرین جلیل نے سوئٹزرلینڈ کے سفیر کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد پر مبنی کتاب My Life's Journey پیش کی۔

پی آئی بی کالونی میں پیپلز امن کمیٹی کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے تین پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے واقعہ پر ایم کیوایم کا اظہار مذمت

اگر پی آئی بی میں ایم کیوایم کے سیکٹر ممبر اور انکے بھائی سمیت کئی معصوم شہریوں کو شہید وزخمی کرنے والے دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا جاتا تو آج پولیس اہلکاروں کی شہادت کا واقعہ پیش نہ آتا

جب تک حکومت کے بعض عناصر کی جانب سے ان دہشت گردوں کی حمایت کی جاتی رہے گی اور انکے خلاف بلاامتیاز اور مؤثر کارروائی نہیں کی جائے گی یہ دہشت گرد اسی طرح کی پرتشدد کارروائیاں کرکے شہر کا امن تباہ کرتے رہیں گے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔ 5 اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پی آئی بی کالونی کے علاقے میں پیپلز امن کمیٹی کے مسلح دہشت گردوں کی جانب سے مسلح حملہ کرکے وہاں ڈیوٹی پر تعینات تین پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قتل، اغوابرائے تاوان، منشیات فروشی، پولیس پر حملوں اور دہشت گردی کی مختلف وارداتوں میں ملوث پیپلز امن کمیٹی کے دہشت گردوں نے لیاری اور شہر کے دیگر علاقوں کی طرح کچھ عرصہ سے پی آئی بی کالونی میں بھی دہشت گردی کا بازار گرم کررکھا ہے۔27 مارچ کو بھی پیپلز امن کمیٹی کے بدنام مسلح دہشت گرد احمد علی مگسی نے دیگر مسلح دہشت گردوں کے ہمراہ پی آئی بی کالونی میں ایم کیوایم کے سیکٹر ممبر منصور مختار کے گھر میں گھس کر منصور مختار اور انکے بڑے بھائی مقصود مختار کو فائرنگ کرکے شہید اور ان کی بھابھی عظمیٰ کو شدید زخمی کردیا تھا، اسکے علاوہ پی آئی بی کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کئی ہمدردوں کو گولیاں مارکر زخمی کردیا تھا۔آج ایک بار پھر پیپلز امن کمیٹی کے مسلح دہشت گردوں نے احمد علی مگسی کی سربراہی میں پی آئی بی کالونی میں مسلح حملہ کرکے وہاں ڈیوٹی پر تعینات تین پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا۔رابطہ کمیٹی نے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اگر پی آئی بی میں ایم کیوایم کے سیکٹر ممبر اور ان کے بھائی سمیت کئی معصوم شہریوں کو شہید اور زخمی کرنے والے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو گرفتار کرلیا جاتا تو آج پولیس اہلکاروں کی شہادت کا واقعہ پیش نہ آتا۔ان دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی نہ کئے جانے سے انکے حوصلے اتنے بلند ہوچکے ہیں کہ اب یہ معصوم شہریوں کے ساتھ ساتھ پولیس اہلکاروں کو بھی شہید کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیپلز امن کمیٹی کے یہ دہشت گرد عناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کیلئے دہشت گردی کی مسلسل کارروائیاں کررہے ہیں وہ ملک بھر کے عوام کے سامنے بے نقاب ہوچکے ہیں، یہ دہشت گرد کھلے عام معصوم شہریوں کو قتل کررہے ہیں اور لیاری میں انکے خلاف ایکشن کرنے والے پولیس اہلکاروں پر ہینڈ گرینیڈ، پیٹرول بموں اور راکٹوں سے حملے کررہے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جب تک حکومت کے بعض عناصر کی جانب سے ان امن دشمن دہشت گردوں کی حمایت کی جاتی رہے گی اور انکے خلاف بلاامتیاز اور مؤثر کارروائی نہیں کی جائے گی یہ دہشت گرد اسی طرح کی پرتشدد کارروائیاں کرکے اور معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہر کا امن تباہ کرتے رہیں گے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ منظور وسان سے پرزور مطالبہ کیا کہ پی آئی بی میں پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے والے جرائم پیشہ دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کے حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے امید کی کرن ہیں، ارکان رابطہ کمیٹی

لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں اجلاس سے کنور نوید جمیل، یوسف شاہوانی اور گلفراز خان خٹک کا خطاب

کراچی:۔۔۔ 5اپریل، 2012ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے امید کی کرن ہیں ایم کیوایم کسی قوم یا طبقے کے خلاف نہیں بلکہ ایم کیوایم میں شامل تمام قومیتوں کے عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ تصور کرتے ہیں جنہوں نے مختلف قومیتوں اور طبقات سے تعلق رکھنے والے عوام میں شعور بیداری پیدا کیا اور انہیں پیار و محبت اور بھائی چارے کا درس دیکر ان میں ایک قوم کا تصور قائم کیا۔ ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور نوید جمیل، یوسف شاہوانی اور گلفراز خان خٹک نے منگل کو لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں پختون آرگنائزنگ کمیٹی اور ہزارہ وال آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکنوں کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جنرل ورکرز اجلاس میں کراچی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے پختون اور ہزارہ وال کے کارکنان نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر آرگنائزنگ کمیٹیوں کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ بعض قوتیں ایم کیوایم کی مقبولیت سے شدید خوف زدہ ہیں اور گھناؤنی سازش کے تحت نسلی منافرت کو ہوا دینے کیلئے مختلف قومیتوں کے مٹھی بھر جرائم پیشہ دہشت گردوں کو ایم کیوایم کے خلاف سندھ خصوصاً کراچی میں استعمال کر کے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں کا قتل عام کر رہے ہیں تاکہ دیگر قومیتوں کے عوام کو الطاف حسین اور ایم کیوایم سے دور رکھا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے مظلوم عوام کی نمائندہ جماعت ہے جو بلاتفریق ان کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام کارکنان بالخصوص پختون، ہزارہ وال اور بلوچ کارکنان ایم کیوایم کے خلاف جاری سازش سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے اور وژن کو گھر گھر پھیلانے میں اپنا کردار ادا کریں اور ایم کیوایم کے خلاف سازشیں کرنیوالے عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔ 5اپریل، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ چکرا گوٹھ کے کارکن مرسلین کی ہمشیرہ محترمہ صابرہ بی بی، گھوٹکی زون کے سابق زونل ممبر محمد یٰسین وٹو کے والد فتح محمد، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن راؤ عبدالحسیب کے تایا راؤ عبداللطیف اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 189 کی کمیٹی کے رکن شجاعت پپو کے بڑے بھائی محمد صلاح الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

معروف فلمی اداکارہ بہار بیگم کی فلم ساز ایس بی جعفری کے ہمراہ ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات

ملاقات میں ایم کیوایم کی پنجاب سمیت ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مقبولیت اور تنظیمی ڈھانچے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور۔۔۔ 5اپریل 2012ء

معروف فلمی اداکارہ بہار بیگم نے جمعرات کے روز فلم ساز ایس بی جعفری کے ہمراہ ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان سے ملاقات کی۔ اس موقع پر متحدہ سوشل کے جوائنٹ انچارج عدنان انیس اور رکن کرنل ایس کے ٹریسلر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی پنجاب سمیت ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مقبولیت اور تنظیمی ڈھانچے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سیف یار خان نےبہار بیگم اور ایس بی جعفری سے گفتگو کرتے ہوئے انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے، فکر و فلسفے، ایم کیوایم کی عملی جدوجہد اور منشور سے مکمل آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ فنکاروں کو عزت دی اور ہر مشکل گھڑی میں فنکاروں کا ساتھ دیتے ہوئے ان کے حقوق کے لئے آواز بلند کی ہے۔ بہار بیگم نے ایم کیوایم کی جانب سے فنکاروں کے حقوق کے لئے کئے جانیوالے اقدامات کو سراہتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین اندھیرے میں چراغ جلانے کا کام کر رہے ہیں اور یہی وہ جذبہ ہے جس کی وجہ سے ایم کیوایم آج ملک کے کونے کونے میں پھیل چکی ہے۔

قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں رائج فرسودہ نظام اورموروثی سیاست سے نجات دلانے کے لئے ایم کیوایم کی بنیادرکھی، سیف یارخان

گوجرانوالہ زون کے زیراہتمام قلعہ دیدارسنگھ میں منعقدہ کارنرمیٹنگ سے خطاب

لاہور۔۔۔5اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان نے کہاہے کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں رائج فرسودہ نظام اورموروثی سیاست سے نجات دلانے کے لئے ایم کیوایم کی بنیادرکھی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کے نظریے نے ملک کے مظلوم عوام میں انقلاب کی سوچ کوجنم دیا۔ ان خیالات کا اظہارانہوں نے گوجرانوالہ زون کے زیراہتمام قلعہ دیدارسنگھ میں منعقدہ کارنرمیٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ میٹنگ میں لاہورزون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، گوجرانوالہ زون کے انچارج عبدالکریم ٹوکے خان، آل پاکستان متحدہ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن لاہور کے انچارج ساجدعباس سبزواری، گزشتہ دنوں ایم کیوایم میں شامل ہونے والے ممبرچیمبرآف کامرس گوجرانوالہ رانا افتخارسمیت دیگر ذمہ داران بھی موجود تھے۔ میٹنگ میں علاقے کی مختلف سماجی وسیاسی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ انہوں نے کہاکہ پاکستان خصوصاً پنجاب میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستانی عوام قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے کونہ صرف پسند کرتے ہیں بلکہ حق پرستی کی اس جدوجہد کیلئے بڑی سی بڑی قربانی دینے کیلئے بھی تیار ہیں۔ انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جس میں کوئی جاگیردار یاسرمایہ دارنہیں بلکہ تمام افرادکاتعلق غریب ومڈل کلاس گھرانہ سے ہےاس لیےانہیں عام آدمی کے مسائل کا اندازہ ہےاورایم کیوایم ان مسائل کےحل کے لئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہاکہ صرف ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جواپنے قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں اس ملک میں انقلاب لائے گی۔

☆☆☆☆☆